9.	Deodurg ..	2,088	2,161	1,361	811	807
10.	Gadwal ..	3,548	3,593	3,913	2,866	..
11.	Alampur ..	152	186	538	1,497	..
12.	Gurugunta ..	2,155	1,955	2,301	..	..
13.	Anegundi ..	11	11	..	..	..
	Total ..	37,304	33,527	36,628	20,555	6,999

[Statement.

RAICHUR DISTRICT

Acreage under other Oilseeds Cultivation 1947-48 *to* 1951-52 *taluqwise*

Sl. No	Name of taluqs		OTHER OIL SEEDS				
			1947-48	1948-49	1949-50	1950-51	1951-52
1.	Raichur	..	20,792	16,035	15,605	7,487	9,830
2.	Manvi	..	29,373	27102 ,	24,518	19,634	17,623
3.	Sindhnur	..	14,439	16,493	16,223	20,965	12,925
4.	Gangawati	..	6,789	11,170	8,223	4,406	6,330
5.	Kopbal	..	5,848	5,630	6,634	4,488	4,509
6.	Yelburga	..	9,609	11,714	12,915	12,023	11,076
7.	Kushtagi	..	21,204	13,703	14,530	6,380	9,156
8.	Lingsugur	..	3,739	37,623	25,759	40,365	26,405
9.	Deodurg	..	40,908	33,950	28,192	15,533	21,507
10.	Gadwal	..	6,932	8,266	9,601	34,401	5,211
11.	Alampur	..	5,184	3,796	4,198	6,793	9,109
12.	Gurugunta	..	9,401	13,978	12,813	..	..
13.	Anegundi	..	12	12	1	..	..
	Total	..	1,74,230	2,08,072	1,79,112	1,27,465	1,33,681

[Statement.

MAHBUBNAGAR DISTRICT

Statement showing (1) *acreage cultivable lands for* 1951-52, (2) *acreage under cultivation from* 1947-48 *to* 1951-52. *taluqwise*

Sl. No.	Names of Taluqs		Cultivable Waste	Total area under cultivation				
			1951-52	1947-48	1948-49	1949-50	1950-51	1951-52
1.	Mahbubnagar	..	7,240	1,49,905	1,18,104	1,67,065	1,03,764	1,24,977
2.	Wanparthi	..	4,505	1,71,153	1,44,057	1,57,453	1,44,080	1,67,285
3.	Athmakur	..	3,652	1,06,776	96,707	97,717	1,39,836	1,62,598
4.	Makhtal	..	10,483	2,11,473	2,00,286	2,10,802	1,75,881	2,00,074
5.	Pargi	..	4,828	1,36,679	1,37,065	1,50,923	1,01,425	1,12,454
6.	Shadnagar	..	4,908	..	..	..	1,11,317	1,35,023
7.	Kalwakurti	..	10,259	1,88,983	1,74,323	1,77,373	1,88,551	2,25,771
8.	Achampet	..	4,145	96,070	76,433	85,750	1,17,914	1,30,078
9.	Nagarkurnool		13,809	2,03,540	1,67,470	1,98,690	2,04,676	2,14,925
10.	Kollapur	..	9,109	1,02,492	76,580	1,03,413	1,25,497	1,5,4455
11.	Tarukonda	..	..	42,089	26,353	37,481	..	..
12.	Faruknagar	..	..	30,762	25,661	25,425	..	..
13.	Changomal	..	..	34,718	24,042	22,393	..	..
14.	Gopalpet	..	..	42,388	36,856	35,065	..	..
	Total	..	72,932	1,51,7028	13,03,927	14,69,550	14,12,941	16,27,640

[Statement.

MAHBUBNAGAR DISTRICT

(8) *Statement showing acreage under important food and non-food crops for the years* 1947-48 *to* 1951-52, *taluqwise*

Sl. No.	Name of Taluqs	Pulses					Cotton				
		1947-48	1948-49	1949-50	1950-51	1951-52	1947-48	1948-49	1949-50	1950-51	1951-52
1.	Mahbubnagar ..	16,289	12,629	14,815	14,311	20.842	..	..	..	..	..
2.	Wanparthi ..	25,974	22,876	20,572	14,527	29,122	..	1	5	4	2
3.	Atmakur ..	7,092	7,158	9,066	9,862	15,014	2	1	8	20	40
4.	Makhtal ..	8,729	14,188	10,825	11,082	14,992	45	43	63	148	352
5.	Pargi ..	12,886	10.104	10,527	6,047	10,320	27	158	86	72	40
6.	Shadnagar ..	..	..	..	7,736	7,971	..	..	..	27	34
7.	Kalvakurthi ..	8,957	8,181	6,402	7,911	9,884	1	1	4	7	2
8.	Achampet ..	8,175	2,833	3.347	4,933	4,806	..	..	2	3	..
9.	Nagarkurnool ..	15,442	7,610	15,768	12,345	17,270	5	7	3	3	3
10.	Kollapur ..	5,554	4,874	4,701	5,554	11,910	..	4	14	15	..
11.	Tarukonda J. ..	3,686	1,789	1,840	..	..	7	5	4	..	..
12.	Farruknagar J. ..	4,887	3,151	2,421	..	..	1	5	19	..	..
13.	Changomal ..	4,283	3,475	2,908	..	..	36	80	31	..	..
14.	Gopalpet ..	5,003	4,335	2.247	..	..	..	..	..	..	..
	Total ..	125,907	102,603	105,439	94,308	141,931	124	305	239	299	473

MAHBUBNAGAR DISTRICT

Acreage under Tobacco & Groundnut Cultivation 1947-52 *taluqwise*

Sl. No.	Names of Taluqs		JAWAR					BAJRA				
			1947-48	1948-49	1949-50	1950-51	1951-52	1947-48	1948-49	1949-50	1950-51	1951-52
1.	Mahbubnagar	..	36,809	27,983	41,936	20,596	24.133	1,356	1,133	1.920	1,014	1.880
2.	Wanparthi	..	42,313	45,902	47,294	42,754	40,879	6,291	5.629	6,953	5,640	5.214
3.	Atmakur	..	39,645	41,488	39,369	50,851	45,676	13.768	14.244	13,493	19,120	18,462
4.	Makhtal	..	43,046	56,931	75,998	41,820	55.723	17,052	16,728	18,457	9.309	7.409
5.	Pargi	..	20,535	18,501	22,686	9,405	9,781	446	611	767	170	528
6.	Shadnagar	..	..	..	..	20,250	20,959	..	.	.	1,810	2,880
7.	Kalvakurthi	..	48,233	43,273	43,509	45,524	58,639	16,424	13,984	15,307	14,832	20.984
8.	Achampet	..	31,708	23,859	27,502	38,753	43,877	5,952	4,422	4,660	8,677	10,546
9.	Nagarkarnool	..	57,803	44,658	54,673	60,804	56.835	1,161	682	1,047	1.144	1,205
10.	Kollapur	..	22,063	20,304	26,623	22,694	27,913	284	181	474	311	2,528
11.	Tarukonda	..	9,071	6,668	12,935	..	..	1,756	1,517	1,721	.	.
12.	Farruknagar	..	8,236	6,646	6,502	..	..	1,178	1,204	1,115	..	..
13.	Changomal	..	5,813	4,415	3,375	..	..	210	94	149	..	..
14.	Gopalpet	..	9,477	9,403	9,298	..	..	168	130	138	.	..
	Total	..	374,852	350,021	411.700	353,351	384,415	66,046	60.559	66,201	62,027	71,636

MAHBUBNAGAR DISTRICT

Acreage under Pulses & Cotton Cultivation 1947-52 *taluqwise*

Sl. No.	Name of Taluqs	Pulses					Cotton				
		1947-48	1948-49	1949-50	1950-51	1951-52	1947-48	1948-49	1949-50	1950-51	1951-52
1.	Mahbubnagar ..	19,071	19,567	24,066	19,659	20,638	..	1	..	..	..
2.	Wanparthi ..	20,822	11,357	13,782	14,531	9,336	2	..	16	32	3
3.	Atmakur ..	9,873	10,868	9,484	20,188	16,932	..	..	30	188	22
4.	Makhtal ..	27,065	32,436	34,740	31,513	32,106	135	1,917	3,093	5,667	1,847
5.	Pargi ..	32,657	40,143	38,416	31,440	35,929	1	5	13	2	9
6.	Shadnagar ..	..	..	..	19,645	22,132	..	..	..	..	..
7.	Kalwakurthi ..	11,297	11,870	11,861	10,935	15,709	1	..	..	4	..
8.	Achampet ..	5,722	2,605	3,301	2,542	2,817	6	5	1	..	4
9.	Nagarkurnool ..	23,815	16,187	13,701	14,709	17,051	5	6	9	3	.
10.	Kollapur ..	21,525	9,590	16,475	26,889	31,419	156	145	221	384	428
11.	Tarukonda ..	7,144	3,436	5,495	..	..	4	75	2	..	..
12.	Faruknagar ..	3,061	2,391	1,940	19	..	..	..	..	..	..
13.	Changomal ..	7,068	5,412	4,484	..	..	7	3	12	..	..
14.	Gopalpet ..	8,172	5,082	4,421	..	..	..	3	..	..	..
	Total ..	197,292	170,444	182,166	192,051	204,069	317	2,160	3,397	6,280	2,313

MAHBUBNAGAR DISTRICT

Acreage under Pulses & Cotton Cultivation 1947-52 taluqwise

Srl. No.	Names of taluqs	Tobacco 1947-48	Tobacco 1948-49	Tobacco 1949-50	Tobacco 1950-51	Tobacco 1951-52	Ground-nut 1947-48	Ground-nut 1948-49	Ground-nut 1949-50	Ground-nut 1950-51	Ground-nut 1951-52
1.	Mahbubnagar ..	61	112	111	62	95	26,690	4,401	5,053	5,143	11,160
2.	Wanparthi ..	143	124	410	1	177	22,446	6,592	4,594	11,705	29,274
3.	Atmakur ..	6	24	29	53	59	23,107	7,526	6,158	8,083	39,779
4.	Makhtal ..	25	96	65	67	53	63,475	7,971	9,661	24,107	47,427
5.	Pargi ..	123	288	148	92	110	10,000	5,882	6,060	5,931	5,417
6.	Shadnagar ..	..	..	..	145	215	..	..	..	3,533	5,006
7.	Kalvakurthi ..	104	236	119	203	125	2,402	29	30	103	260
8.	Achampet ..	31	77	40	138	63	1,337	13	34	116	325
9.	Nagarkurnool ..	90	375	137	189	188	26,316	3,266	1,681	5,838	12,175
10.	Kollapur ..	119	281	290	271	176	22,285	6,188	6,855	16,532	29,888
11.	Tarukonda ..	3	5	5	..	..	6,107	680	502	..	..
12.	Faruknagar ..	31	57	31	..	..	1,228	289	380	..	..
13.	Changomal ..	54	85	21	..	..	849	194	323	..	..
14.	Gopalpet ..	54	85	21	..	..	6,853	1,430	526	..	..
	Total ..	781	1,760	1,406	1,221	1,261	213,095	44,461	41,857	81,091	180,711

MAHBUBNAGAR DISTRICT

Acreage under Pulses & Cotton Cultivation 1947-52 *taluqwise*

Srl. No.	Names of Taluqs	Castor 1947-48	Castor 1948-49	Castor 1949-50	Castor 1950-51	Castor 1951-52	Other oil seeds 1947-48	Other oil seeds 1948-49	Other oil seeds 1949-50	Other oil seeds 1950-51	Other oil seeds 1951-52
1.	Mahbubnagar ..	12,360	13,509	30,934	13,167	15,992	5,019	5,249	5,215	4,716	5,075
2.	Wanparthi ..	20,404	22,680	35,513	18,862	18,665	1,011	822	623	733	631
3.	Athmakur ..	678	983	4,779	3,641	2,645	1,149	1,368	1,263	2,661	1,842
4.	Makhtal ..	547	644	687	349	333	8,712	12,9 9	12,947	13,109	9,886
5.	Pargi ..	10,511	11,881	14,664	1,102	1,179	11,609	14,431	14,720	8,265	9,729
6.	Shadnagar ..	..	..	..	34,268	44,258	..	..	..	7,461	10,314
7.	Kalvakurthi ..	92,291	87,736	88,295	97,881	1,03,097	3,728	4,158	4,555	2,629	6,824
8.	Achampet ..	36,581	36,236	38,145	52,625	57,373	700	981	844	1,236	1,140
9.	Nagarkurnool ..	34,409	47,079	62,136	60,100	61,858	3,007	3,622	2,413	3,141	2,789
10.	Kollapur ..	7,302	10,066	20,627	15,176	13,457	395	520	422	644	642
11.	Tarukonda ..	4,641	5,202	5,623	..	..	2,286	1,256	1,693	.	
12.	Faruknagar ..	8,744	8,040	9,218	..	..	1,046	925	684	.	..
13.	Changomal ..	1,881	808	1,256	..	..	3,333	2,694	2,550	..	.
14.	Gopalpet ..	3,345	6,879	8,888	..	..	19	21	12	..	.
	Total ..	2,33,694	2,51,243	3,20,745	2,97,171	3,18,857	42,014	48,956	47,941	44,595	48,672

Expenditure on Agriculture Department.

17. (2) *Shri. G. Hanumanth Rao* : Will the hon. the Minister for Agriculture and Supply be pleased to state:

The taluka-wise expenditure incurred on Agriculture Department during the last five years?

Dr. Channa Reddy : Figures of taluka-wise expenditure cannot be given as accounts are not maintained on that basis.

Legislative Busienss

Mr. Speaker : Now, let us proceed to the next item in the Order of Business. Shri D. G. Bindu.

Shri D. G. Bindu : Mr. Speaker, Sir, I beg to introduce: L.A. Bill No. V of 1953—a Bill to Amend the Hyderabad Gambling Act (No. II of 1305 F.).

Mr. Speaker : The Bill is introduced.

Discussion on the Motion of Thanks to the Address of Rajpramukh

Mr. Speaker : Let us take up the next item discussion on the motion of thanks to the Rajpramukh for his address.

شری بی - ڈی - دیشمکھ - مسٹر اسپیکرسر - راج پرمکھ کے اڈریس کے سلسلہ میں میں اپنے خیالات ھاؤز کے سامنے عرض کرونگا - راج پرمکھ نے ھاؤز میں جو اڈریس پڑھا ہے اسکو سرسری طور پر دیکھنے کے بعد یہ معلوم ھوتا ہے کہ چند نئی باتیں ضرور اس میں درج کرائی گئی ھیں - ھم غور سے دیکھیں تو یہ چیز واضح ھوتی ہے کہ حیدرآباد گورنمنٹ کی سنہ ۵۲ - ۵۳ کی جو رپورٹ ہے اوسی رپورٹ کا خلاصہ پالیسی کے طور پر راج پرمکھ کے اڈریس میں موجود ہے مجھے یہ دیکھ کر سخت افسوس ھوتا ہے کہ حیدرآباد اس وقت جن بنیادی مسائل سے دوچار ہے اور جن مسائل کی جانب اس عوامی حکومت کو توجہ کرنی چاھئے تھی اور جس پالیسی کا اظہار ھونا چاھئے تھا اس خطبے سے ان امور کا اظہار نہیں ھوتا ہے نیز وہ نقشہ یا خاکہ جسکی ھم توقع کر رہے تھے مفقود ہے - اس اڈریس کے سلسلہ میں میں نے جو امنڈمنٹ لایا اسکے ذریعہ میں نے اسکی کوشش کی ہے کہ حیدرآباد کی اوس صورت حال پر روشنی ڈالوں جو قحط کی وجہ سے رونما ہے - میں ھاؤز کی توجہ اس جانب مبذول کرنا چاھتا ھوں کہ حیدرآباد میں عرصہ سے یہ آفت نازل ھو رہی ہے - سابقہ حکومت نے بھی اس خطرے کو محسوس کیا

تھا اور بار بار یہی کوشش رہی کہ قحط کے جو بادل ہمارے سروں پر منڈلا رہے ہیں انکو کس طرح دور کیا جائے - حیدرآباد گورنمنٹ کی جانب سے ایک ریلیف کمیشن (Relief Commission) مقرر کیا گیا تھا - یہ صحیح ہے کہ بعض مقامات پر قحط کے آثار پیدا ہوگئے ہیں اور خاص طور پر اوس حصہ میں جو سطح سمندر سے دو ہزار فٹ اونچا ہے وہاں قحط کے آثار ہیں - تقریباً پورے مرہٹواڑی کے حصص میں پینے کے پانی کی قلت محسوس کی جا رہی ہے لیکن میں عرض کرونگا کہ یہ چیز محض حکومت کی پالیسی سے اوجھل ہونے والی چیز نہیں ہے - خاص طور پر میں اس چیز کو ہاؤز کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ حکومت پینے کے پانی کے بارے میں اپنی پوری توجہ مبذول کرے - اورنگ آباد کے چند بلند سطح پر آباد حصوں میں قحط رونما ہوچکا ہے مثلا بھوکردن - سلوڑ اور جعفرآباد کے حصے قابل ذکر ہیں - یہاں غذائی اجناس کا اتنا قحط نہیں ہے جتنا پینے کے پانی کا ہے حکومت حیدرآباد کو اسبارے میں موثر اقدام کرنا چاہئے - ممکن ہے کہ ایک دو ماہ میں پانی کی قلت کی وجہ سے بہت بڑی وبا نازل ہوجائے - راج پرمکھ نے اپنے اڈریس میں بڑے فخر کے ساتھ اس کا اظہار کیا ہے کہ اس سلسلہ میں گیارہ لاکھ روپیہ حکومت حیدرآباد صرف کر رہی ہے - ان اضلاع کی گیارہ لاکھ آبادی پر اگر گیارہ لاکھ روپیہ صرف بھی کیا گیا تو کیا ہوا فی کس ایک روپیہ کی امداد گویا آپ نے منظور کی ہے - نہ صرف اورنگ آباد ہی ان مشکلات میں مبتلا ہے بلکہ بیڑ اور عثمان آباد میں بھی پانی کی قلت ہے - ۱۱ لاکھ کی رقم کا فخر کے ساتھ اظہار کرنا میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت کے لئے ایک شرمناک بات ہے - مہاراشٹرا کے علاقے اورنگ آباد بیڑ اور عثمان آباد ان تینوں اضلاع میں قحط کے آثار رونما ہوچکے ہیں - وہاں کے باشندوں پر قحط کی آفت نازل ہونے والی ہے - وہاں بارش کا یہ حال ہے کہ (۳۰) کی بجائے اوسط صرف (۱۰) رہا ہے - فارسٹ ڈپارٹمنٹ کو چاہئے کہ وہاں جنگلات کے اگانے کا انتظام کرے - پورنا ندی جو اورنگ آباد میں تقریباً (۵۰) میل بہتی ہے اسکا یہ حال ہے کہ بالکل سوکھ چکی ہے اس لحاظ سے ضرورت اس امر کی ہے کہ پینے کے پانی کے مسئلہ کو موثر طریقہ پر حل کیا جائے - اس سلسلہ میں افسوس کے ساتھ کہونگا کہ حکومت نے اپنی کسی پالیسی کا اظہار نہیں کیا - ان اضلاع میں پانی کا لیول (۶۰) فٹ تک دھنس گیا ہے - جانور پیاسے مر رہے ہیں - ان حالات پر قابو پانے کے لئے لاکھ دو لاکھ روپیہ اگر صرف کئے جائیں تو کیا پانی کا مسئلہ حل ہوسکتا ہے ؟ یہ وہ حقائق ہیں جنکی جانب حکومت کو خاص طور پر توجہ کرنے کی ضرورت ہے - اورنگ آباد - بیڑ اور عثمان آباد ریاست کے ایسے حصص ہیں جن پر حکومت حیدرآباد کو ہمیشہ فخر رہا ہے - جو کاٹن (Cotton) وہیٹ (Wheat) اور جوار کے سائل (Soil) کہلاتے ہیں - حیدرآباد کی حکومت جوار اور باجرہ کی حد تک خود مکتفی ہونے پر فخر کرتی ہے اور کئی لاکھ ٹن کی مقدار باہر بھیجتی ہے - پانی کی اگر یہ قلت رفع ہو جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ غذائی اعتبار سے یہ علاقے یقیناً خود

مکتفی ہوسکتے ہیں - نہ صرف مرہٹواڑی بلکہ تلنگانے کے بعض حصوں مثلاً کریم نگر میں بھی آج وہی حالات رونما ہیں - ضلع اورنگ آباد میں ۵ لاکھ جانور ہونے چاہئیں وہاں دو لاکھ جانور تھے اور اب مشکل سے پانچ ہزار جانور نظر آئینگے - ساون جلے جائے جانور نظر نہیں آتے - جانوروں کو چارہ اور کڑبی نہیں ملتی - مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت کسی معین پالسی کے ساتھ ان امور کی جانب توجہ نہیں اس پر فخر کیا جاتا ہے کہ جوار اور باجرہ کی حد تک اسٹیٹ خود مکتفی ہوگیا ہے و آئندہ سال کئی لاکھ ٹن غلے کے اضافہ پیدا ہونے کی توقع کی جا رہی ہے لیکن حکومت کی رپورٹ جو گزٹ میں شائع ہوئی ہے اٹھا کر دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ قحط کا خطرہ کئی ماہ پہلے ہمارے سامنے آچکا ہے ......

۲۵ سال سے اس حصہ میں بارش کم ہو رہی ہے جس کا اظہار ماہرین نے اپنی رپورٹ میں کرتے ہوئے ریلیف (Relief) کی خواہش کی ہے - اکٹوبر میں خود ریوینیو بورڈ کے ممبر نے اپنے اورنگ آباد کے دورے میں اس قلت کو محسوس کیا اس کے ریلیف کے لئے بجٹ میں (۱۱) لاکھ روپیہ کی گنجائش رکھی گئی ہے یہ رقم محض ایک روتے کے آنسو پونچھنے کے سوا کچھ نہیں - آنے والے (۴) مہنیوں میں جس قحط سے یہ علاقہ دو چار ہونے والا ہے اس کے ریلیف کے لئے فنانس منسٹر کی بجٹ اسپیچ میں اور بجٹ میں کوئی چیز نظر نہیں آتی اور یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ حکومت ہمارے اس سلسلے میں کوئی موثر قدم اٹھانے والی ہے - اس لئے یہ جو پالیسی اسٹیٹمنٹ ہمارے سامنے آیا ہے اس میں عوام کے کھانے پینے کے مسئلے کی طرف کوئی توجہ نہیں کی گئی - صرف ایک چلتی ہوئی چیز پیش کی گئی ہے - ضلع بیڑ کا تقریباً نصف حصہ اورنگ آباد کے چار تعلقہ جات اور عثمان آباد کے تین تعلقہ جات بالکل قحط کی حالت سے دو چار ہیں - ان علاقوں کو قحط زدہ علاقہ قرار دیکر یہاں بڑے پیمانے پر ریلیف ورک (Relief Work) شروع کرنے کی شدید ضرورت ہے - محض اسکیرسٹی ایریا (Scarcity area) ڈکلیر کرنے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا -

فائیو ایر پلان (Five Year Plan) کے تحت اس علاقے میں جو کام ہورہا ہے اسکو بڑے فخر کے ساتھ ذکر کیا گیا - لیکن میں تو یہ کہونگا کہ یہ فائیو ایر پلان اس علاقے کے لئے ایک جھانسہ ہے - دھوکہ ہے - فائیو ایر پلان میں مرہٹواڑہ کے تحت وہی پرانے پراجکٹس کا ذکر کرکے جھانسہ دیا گیا ہے - اور ایک روپیہ کا بھی مرہٹواڑہ میں فائیو ایر پلان کے تحت کام نہیں ہو رہا ہے - وہی کام ہیں جو اس پلان کے پیشتر تھے - آج مرہٹواڑہ کا علاقہ ریگستان بننے کے موقف میں ہے - یہ وہی کالی ریگڑ کی زمین کا علاقہ ہے جہاں کی پیداوار جوار گیہوں اور کپاس وغیرہ سے نہ صرف پورا حیدرآباد بلکہ حیدرآباد کے اطراف کے علاقے بھی مستفید ہوتے تھے - اور اسی علاقہ کی پیداوار سے ان علاقوں کے لوگ پرورش پاتے تھے - ایسے حصہ کو گورنمنٹ نے بالکل نظر انداز کردیا ہے - اسلئے مجھے اس پالیسی اسٹیٹمنٹ کے بارے میں یہ کہنا

بڑتا ہے کہ اس میں عوام کے بنیادی مسائل غذا اور بانی کو نظر انداز کردیا گیا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ آج ان علاقوں سے ایک کثیر آبادی دوسرے علاقوں میں منتقل ہوتی جا رہی ہے - بڑی کافی آبادی منتقل ہوچکی ہے - حالت یہ ہے کہ ریلیف ورکس میں جن لوگوں کو کام پرلیا جا رہا ہے حکومت ان کو نک بانی اور دوسرے ضروری اسباب مہیا نہیں کرسکتی - بھوکردن میں (۳۰۰۰) مزدور کام کر رہے ہیں - انکے پانی کا انتظام نہیں - وہاں ڈئنامیٹ (Dynamite) نہیں ملتا - بارود نہین ملتی - سبل نہیں دئے جاتے - میں پی - ڈبلو - ڈی - کے آنریبل منسٹر سے خاص طور پر یہ عرض کرونگا کہ وہ اس طرف خاص طور بر توجہ دیں - انہوں نے بھی وہاں کا دورہ کیا ہے - ممکن ہے انہوں نے ان حالات کو خاص طور بر نہ دیکھا ہو - مجھے آج کی کابینہ بر افسوس ہوتا ہے کہ جن حالات بر خاص توجہ دیجانی چاہئے تھی ان بر توجہ نہیں دیگئی ہے - بیڑ کے تعلقے گیورائی - آشٹی - اور باٹودہ سے کافی آبادی منتقل ہوچکی ہے - جن علاقوں میں ۳۰ انچ بارش ہوا کرتی تھی اب وہاں صرف ۱۰ انچ بارش ہو رہی ہے - یہ ایسی آفت ہے جس بر حکومت کو فوری توجہ کرنے کی ضرورت ہے - یہ وہاں کے عوام پر ایک بہت بڑی آفت ہے - حکومت اس سے لاعلم بھی نہیں - فیامن کمشنر (Famine Commissioner) نگندر بہادر اس علاقہ کا دورہ کرچکے ہیں - خود وہاں کے کلکٹر نے بھی اس کی رپورٹ دی ہے - حکومت ان حالات سے واقف رہنے کے باوجود حکومت کے پالسی اسٹیٹمنٹ میں اس بر خاطر خواہ توجہ نہیں دیگئی ہے - اور یہ بہت تشویشناک بات ہے - اس طرح جو فائیو ایر پلان پیش کیا گیا ہے وہ جیسا کہ میں نے کہا ایک جھانسہ ہے - ایک قصہ ہے جسکو ہم پہلے سے سنتے رہے ہیں -

اڈریس میں کواپریٹیو سوسائٹیز پر بھی زور دیا گیا ہے - میں کہونگا کہ مرہٹواڑہ [illegible] کواپریٹو سوسائٹیز ناکام ثابت ہوچکی ہے - اس میں انٹرسٹڈ (Interested) [illegible] ہوگئے ہیں جو اس سسٹم کو خراب کر رہے ہیں - یہ لوگ عوام کے سامنے [illegible] اسکیم رکھی جانی چاہئے نہیں رکھتے - اسکیم کا پروپگنڈہ ٹھیک طور بر نہیں [illegible] جاتا - عوام اگر اسکیم پر رضامند ہوکر گرین بنک (Grain Bank) قائم کرنے کی اجازت کامطالبہ کرتے ہیں تو دو دو سال تک اجازت نہیں ملتی - برانچ قائم نہیں کی جاتی - قرض نہیں دیا جاتا - ایسی صورت میں ساہوکارہ سسٹم کیسے ختم ہوگا - اس لحاظ سے میں کہونگا کہ یہ اسٹیٹمنٹ مایوس کن ہے -

ان باتوں پر سرسری روشنی ڈالتے ہوئے میں یہ عرض کرونگا کہ پالیسی اسٹیٹمنٹ میں مرہٹواڑہ پر حکومت کی کوئی توجہ مائل نظر نہیں آتی - اور یہی حال کرناٹک اور آندھرا کا بھی ہے - یہ اسٹیٹمنٹ ہمارے خواہشات کی تکمیل کے لحاظ سے ناکافی ہے - میں آخر میں یہ کہونگا کہ حکومت ان تمام باتوں پر خاص توجہ کرے جنکا میں نے ذکر کیا ہے -

श्री. अुद्धवराव पाटील :-(अुस्मानाबाद-जनरल) : राजप्रमुख का अॅड्रेस हमारे सामने बहस के लिये रखा गया है। किसीने अिसको स्टेटमेंट आॅफ पाॅलिसी कहा, किसीने कहा यह हुकूमत की जंत्री है, मैं कहुंगा कि यह हुकूमत के कारनामों की जंत्री तो जरूर है लेकिन अिसमे अैसे कारनामे भी लिखे गये है जिनकी कोअी तकमील नहीं की गअी है। मिसाल के तौर पर अेक दो चीजें हाअूस के सामने रखता हूं। अॅड्रेस के सफे तीन पर लिखा गया है कि।

"The task of bringing the ex-jagir villages on a par with the Diwani villages was continued; in more than 500 villages the rates of assessment have been scaled down to the level obtaining in Diwani villages, and in the others, pending such action, temporary relief has been given by suspending 25% of the assessment."

स्टेटमेंट मे २५ परसेंट केस स्पेंड करने का जो जिक्र किया गया है अुसका अमल सिर्फ चंद मवाजियात की हद तक ही हुआ है। जिले अुस्मानाबाद मे सिर्फ तालुका अुमरगा के जागीरी मवाजियात के असेसमेंट मे २५ फीसद कमी का अमल हुआ है। लातूर मे बोरी जागीरी अिलाके के तीस चालीस मवाजियात अैसे है जहां वही मालगुजारी वसूल की जा रही है जो जागीर के जमाने मे वसूल की जाती थी। तालुका अुस्मानाबाद के ५-७ पायगा विलेजेस मे भी अिसी तरह साबेका मालगुजारी वसूल की जा रही है। ५७ फ. मे अिन जागीरी और पायगाही मवाजियात के असेसमेंट मे डेढ गुना अिजाफा किया गया था। दीवानी अिलाके मे अगर किसी जमीन पर फी अेकड डेढ दो रुपया मालगुजारी है तो जागीरी अिलाके मे अिसी नौअियत की जमीन पर तीन ता चार रुपये मालगुजारी ली जाती थी। अिन मवाजियात के किसानों ने रिप्रेझेंटेशन भी किया है। बोरी जागीर से कअी दरख्वास्तें पेश की जा चुकी है। मोमीनाबाद तालुके से भी रिप्रेझेंटेशन हुआ है। लेकिन अिन मवाजियात मे ससपेन्शन का अमल नहीं हुआ। अिन अिलाकों मे पोलिस अेक्शन से आज तक वही मालगुजारी वसूल हो रही है।

स्पीकर सर, मदरसों के ताल्लुक से अॅड्रेस मे बताया गया है कि १७० प्रांयमरी स्कूल्स और ७० मिडिल स्कूल्स आलत् तरतीब मिडिल स्कूल्स और हायस्कूल्स मे तबदील किये गये। मै मानता हूं कि प्रायमरी स्कुल्स मे पांचवी और छटी जमातें निकाली गअी हैं। मिडिल स्कूल्स मे हायस्कूल्स क्लासेस निकाले गये हैं। लेकिन अिन मदरसों मे बच्चों को पढाने के लिये ग्रॅज्युअेट्स या ट्रेन्ड टीचर्स मुहिया नहीं किये गये जबतक अेफिशियंट स्टाफ मे अिजाफा न हो महज स्कूलों की तादाद बढाने से कुछ नहीं होता। हम देखते हैं कि ४० फसली मे स्कूल के स्टॉफ को बढाने की स्कीम अमल मे लाअी गअी थी। अिसी तरह ५० फसली मे भी अेक्सपॅनशन हुआ। अब ६० फसली गुजर चुकी है लेकिन स्टॉफ मे अेक्सपॅनशन की कोअी स्कीम हमारे सामने नहीं आअी। वही छब्बीस हजार टीचर्स हैं। अिनकी तादाद मे कोअी अिजाफा नहीं हुआ। अव्वाम जब कोअी स्कूल कायम करना चाहते हैं और अिसके लिये हजारों रुपये बॅंक मे रखने के लिये तैयार होते हैं, तबभी गव्हर्नमेंट की जानिब से अिनको कोअी मदत नहीं की जाती।

स्पीकर सर, मुझे फाअीव अियर प्लॅन के निसबत भी कुछ कहना है, अिसबारे में कहा गया है कि हमारे पास फायनान्स न होने की वजहसे हमारा प्रोग्राम पूरा नहीं हो सका। मैं समझता हूं कि

हम आअिंदा भी राजप्रमुख के अॅड्रेस मे यही बात सुनेगें कि फायनान्स न होने की वजह से फाअिव अियर प्लॅन की तकमील न होसकी। अगर यही बात है तो मैं कहुंगा कि यह प्लॅन आवाम के लिये अेक धोका है। कहा जाता है कि अिस प्लॅन की तकमील तीन बुनियादों पर है। (१) फायनान्स (Finance) (२) पब्लिकको कॉपरेशन (Public Co-operation) (३) अेफशियन्सी ऑफ दी अॅडमिनिस्ट्रेशन (Efficiency of the Administration) अगर अिनमे कमी हो तो यह प्लॅन महज अक कागजी प्लॅन बन कर रह जायेगा। अिसके सिवाय और कुछ नहीं हो सकता। फायनान्स से मुत्ताल्लुक पॉलिसी भी स्टेटमेंटमे बतायी गयी है। आपका अॅडमिनिस्ट्रेशन अिंतेहाअी करपटेड (Corrupted) है। आप किसानों से और मजदूरोंसे मालूम कीजिये कि आपके अॅडमिनिस्ट्रेशनके मुत्ताल्लुक अिनकी क्या राय है? वो भी यही कहेंगे कि प्रि-पोलिस अॅक्शन (Pre-Police Action) जो हालत थी आज अिससे बत्तर है। तहसीलो मे करपशन बढता ही जा रहा है। गुजिस्तासाल करपशन को रोकने के लिये बजेट मे प्रॉव्हिजन रखा गया था। अिस पॉलिसी स्टेटमेंट मे तो सिर्फ कहा गया है कि अभी अिसके मुत्ताल्लुक तहकिकात की जायेंगी.–

"....My Government intend to appoint a Committee to study the extent of corruption in Public Service in the State and to make recommendation to effectively put it down.... "

गुजिस्ता साल अेंटी करप्शन डिपार्टमेंट के लिये प्रॉव्हिजन रखा गया था तो अिस साल की जंत्री मे लिखा जाना चाहिये था कि अिस डिपार्टमेंट ने अब तक कितने केसेस अवाम के सामने लाये और कितने लोगों और अफसरों को सजाअें मिली। यह होना निहायत जरूरी था। मेरा खियाल है कि अिस पर अेक कमेटी मुकरर की गअी थी। लेकिन अुसका भी क्या काम हुआ अिसका पता नहीं है दिन-ब-दीन अफसर करप्शन की तरफ ज्यादा मायल होते चले जा रहे हैं। अगर कहीं किसी के जरिये दरख्वास्त आअी और अुस पर अमल करना है तो अुसके अूपर ठीक तरीके से काम नहीं होता। करप्शन दूर करने के लिये फाअीव अियर प्लॅन (Five Year Plan) मे कुछ चीजें सजेस्ट की गअी है। आज अेक तो डिसपोझल मे डिले (Delay) किया जाय तो करप्शन के लिये ज्यादा मौका मिलता है। यह देखा जाता है कि दरख्वास्त आने के बाद छः छः साल तक अुसका डिसपोजल (Disposal) नहीं होता है। अगर कोअी मुकदमा कोर्ट मे भी पेश किया जाय और किसी शख्स को मुकदमे के लिये जिले के मुकाम पर आना पडे तो वहां अुसको दो चार दिन रहकर ८-१० रुपया खर्च करना पडता है। अैसी हालत मे वह शख्स अमली पॉअिंट आफ व्हयूस (Point of views) से सोंचने लगता है कि अितना खर्च करना ही पडेगा तो अुसके बजाय क्लर्क को ही दो चार रुपये देकर अपना काम जल्दी क्यों न कर लिया जाय? क्लार्क भी यह सोंचता है कि दो चार दिन डिले किया जाय तो दरख्वास्त देने वाले से कुछ न कुछ रुपया हासिल हो जायगा। अिसलिये वह भी डिस-पोझल मे डिले करता है। अगर अिस डिसपोझल के मामले मे हुकूमत अेक सर्क्यूलर जारी कर के अेक मियाद मुकरर कर दे कि दरख्वास्त दी जाने के बाद अिस तारीख तक या हद तक अुसका तस्फीया हो जाना चाहिये और अगर अुस तारीख तक वह न हो सके तो दरख्वास्त देनेवाले को यह मालूम कराना चाहिये कि अुसकी दरख्वास्त पर क्या कार्रवाअी हो रही है, किस स्टेज तक कार्रवाअी पहुंच गअी है। आज दरख्वास्त देनेवाले को अिन बातों का पत्ता नहीं रहता। यहां तक होता है कि दरख्वास्तों

का अॅकनालेजमेंट (Acknowledgement) तक नही दिया जाता। दरख्वास्त देनेवाले को मुकर्र तारीख तक क्या कारवाअी हो रही है या अुसके बारे मे क्या होनेवाला है अिसकी अित्तला मिलनी चाहिये। अगर मुखालिफ मे फैसला होता हो तो अुसको यह मालूम करा दिया जाना चाहियें कि किस वजह से या किन मुश्किलात से अुसकी दरख्वास्त नामंजूर हुअी है। कम से कम अिस को चीज को सरकार करे तो लोगों को काफी सहूलियत हो सकती है।

दूसरी दिक्कत हम ग्राम पंचायतों के बजेट के सिलसिले मे महसूस कर रहे है कि वह जल्दी पास ही नहीं होता। हुकूमत का बजेट तो जल्दी पास हो सकता है हालाकि वह होगा या नही अिसका मुझे अिल्म नहीं है। लेकिन डिप्टी कमिश्नर के पास जाते है तो वे पूछते है कि बजट किस तरह से ड्रॉफ्ट किया जाय? मेरा तजरूबा है कि गुलबर्गा मे अिन्स्पेक्टर शायद छः महीने तक नही जाता। अैसे कअी कअी स्थान हैं कि जहां पर अभी तक ग्राम पंचायतों का बजट मंजूर नहीं हुआ है। जहां पर दो दो साल से अिलेक्शन हो चुका है। बारसी तालुके मे सात साल से ग्राम पंचायत चलती थी। अुस्मानाबाद से यहां आये हुअे मेंबरों को मालूम होगा कि कलेक्टर साहब वहां गये तो वहां के लोगों ने अुनके सामने शिकायत रखी कि हम आपके पास आये। आपकी हुकूमत से नाराज हो कर वे लोग बंबअी मे जाने की कोशिश कर रहे हैं, अुसकी वजह यही है। अुन्होने कहा कि हमारे यहां सन १९४० से ग्राम पंचायत चलती आ रही है, लेकिन आपके आने के बाद अेक साल का बजट भी अभी मंजूर नहीं हो सका। वहां की कोऑपरेटिव्ह् सोसायटीज भी अच्छी तरह् से चलती थीं। लेकिन हुकूमत की तरफ से अिन कोऑपरेटिव्ह् सोसायटियों की तरफ से कोअी खियाल न दिये जाने की वजह से वे बिल्कुल नाकारा और नाकामयाब हो गअी है। वहां स्कूल्स वगैरा भी अपनी ही अिमदाद पर चलते थे। वह मौजा हजार दो हजार आबादी का होगा। वहां हायस्कूल भी चलता था। लेकिन अब अुनसे कहा जा रहा है कि अब आप बंबअी की हुकूमत से हैद्राबाद की हुकूमत मे चले गये हैं। अिसलिये......

मिस्टर स्पीकर:—आपके लिये दो मिनिट रह गये हैं।

श्री. अुद्धवराव पाटील:—मै अभी खत्म करता हूं। यह अिन अेफीशिअन्सी और करप्शन खत्म न हो तो पांचसाला प्लॅन मे जो चीजें हैं अुनका यकीनन कोअी अच्छा अंजाम नहीं होगा।

दूसरा अमेंडमेंट जो मैंने दिया है वह बाज आबाद कामों के मुताल्लिक है। मै समझता हूं कि पोलिस अॅक्शन के पहले और बाद मे जो चीजें हुअीं वह समाज के लिये अेक सियाधब्बे हैं और अुनको दूर करने के लिये जितनी कोशिश होनी चाहिये थी वह सही तरीके पर अब तक नहीं की गअी है। तकरीबन अेक करोड रुपया अिसके लिये खर्च हो चुका है लेकिन अब तक कितने लोगों को आपने आबाद किया बहुत से अैसे लोग हैं जिनको रहने के लिये घर नहीं हैं, खाने के लिये अनाज नहीं है और मजदूरी के लिये काम नहीं है। अगर कअी साल तक यही तरीका रखा गया कि लाखों रुपयों का कपडा तकसीम करें तो यह सवाल हल होने वाला नहीं है। आज कअी लोग अैसे हैं जिनको टिन दिये गये हैं लेकिन खाने के लिये अुनके पास पैसा न होने की वजह से वे टिन बेच कर खाने का अिन्तजाम कर रहे हैं। अेक जमाना था जब कि कपडा और टीन की जरूरत थी और अुस वक्त अिन चीजोंका दिया जाना भी जरूरी था। लेकिन अब अुनको कॅपिटल मिलना चाहिये, ताकि वे दूकानें खोल कर

खाने का सवाल हल करसकें या या खेती के लिये औजार और बैल खरीद सकें और अपनै लिये आर्थिक अुत्पादन का साधन बना सके। अुन्हे तकावी दी जाय ता कि वे कूअें खोद सके और अपनी जमीन दुरूस्त कर सके। अुनके पास मकानात नही है तो मकानात तामिर कर दिये जायें ताकी यह मसला हमेशा के लिये हल हो जाय। लेकिन यह जो तरीका है कि पैसा कलेक्टर साहब के पास दिया जाय और वे अुनको वहां भेजे तो अुसमे लोगों को बहुत दिक्कत होती है क्यो कि जिन लोगों के हाथ मे यह पैसा दिया जाता है वे अपनी सियासत चलाने की वहा कोशिश करते है। चाहे किसी भी पार्टी के जरिये से यह पैसा तकसीम हो। लेकिन हम चाहते है कि अुसमे सियासी नुकतेनजर से काम नहीं से काम नहीं होना चाहिये। हम आज देख रहे है कि हुकूमत की जानीब से जमीयतुला अुलेमा को फिरसे तरजीह दी जा रही है, और हर काम अुसीके जरिये से किया जा रहा है। अिससे मुसलमान लोग यह सोचने लगे है कि हमे अिस संस्था मे फिर से जाना चाहिये वरना हमारा काम नही हो सकता हम अगर दूसरी संस्थाओं के जरिये से रिप्रेझेंटेशन्स करेगे तो कोअी फायदा हासिल नही होगा। अिस अिस तरह की पॉलिसी का नतीजा मुस्लिम अवाम के लिये खतरनाक होगा। अुस्मानाबाद का हाल यह है कि अगर हमारी पार्टी के सिन्सिअर वर्कर्स (Sincere workers) की और से डिझर्विंग कँडिडेटस (Deserving candidates) को अिमदाद पहुंचाने के लिये हुकूमत के पास लिस्ट भी भेजी जाय तो अुस पर कोअी कारवाअी नहीं की जाती लेकिन वही जमाहितुल अुलेमा की और से भेजी जाय तो हुकूमत अुस पर अमल करती है। शेतकरी-कामकरी पक्ष, या दीगर लेफ्ट पार्टीज की तरफ से अैसी कोअी लिस्ट भेजी जाय तो अुस पर काम नहीं होता। पोलिस अॅक्शन के बाद मुस्लिम अवाम का बहुत नुकसान हुआ है। आज हुकूमत की तरफ से यह कोशिश हो रही है कि मुस्लीम अवाम को अुनकी तंजीमों के जरिये से ही अिमदाद पहुंचे लेकिन मै आशा करता हू कि मुस्लिम अवाम और नवजवान अब समझ चुके है कि अिससे अुनको फायदा होनेवाला नहीं है बल्कि खतरा होनेवाला है। दूसरी बात यह है कि अिसके बारे में हुकूमत के सामने कोअी परमनन्ट स्कीम (Permanent Scheme) आज नही है।

मिस्टर स्पीकर :–अेक मिनट है।

श्री. अुद्धवराव पाटील :–अिस वक्त मुस्लिम तंजीमोंकी तरफ देखने का मुस्लिम अव्वाम का नजरिया मुख्तलिफ है। मुस्लिम तंजीमोंकी तरफ से ही मुसलमानों को अिमदाद पहुंचाने का हुकूमत का जो नजरिया है वह गलत है। मुस्लिम अव्वाम जानते है कि पोलिस अॅक्शन के बाद अुनके नेताओंने अुन्हे धोखा दिया। मुझे मालूम है कि अुस्मानाबाद और बिदर के जिले में जब अुनके नेता भाग गये तो अुन्होंने मुस्लिम अव्वाम को यह भी नहीं बताया कि अुसे क्या करना चाहिये अुसके बाद जो चीजें हुअीं अुनसे जान और माल का बहुत नुकसान हुआ। अुनको ठीक तरीके से रीहॅबिलेटट (Rehabilitate) करना हुकूमत और समाज का फर्ज है मै अैसा समझता हूं। हमन अिसके बारे मे मुस्लिम अव्वाम की कअी मोकों पर मदद करने की कोशिश की। लेकिन हुकूमत की पॉलिसी अिसके बारे मे क्या है अुसका पता न लग सका। जब पैसा तकसीम करने का वक्त आता है तो वह कॉंग्रेस और जमियतुल अुलेमा के नेताओं के हाथ मे ही दिया जाता है। हम अैसे कामों मे सियासी बातें नहीं लाना चाहते। मै अैसी कअी मिसालें दे सकता हूं कि जिनको घरबार हैं खेती है, अुनके बच्चों

को यतीमखाने मे भेजा गया है लेकिन जो गरीब लोगों के डिझर्विंग बच्चे थे अुनको अिमदाद नही दी गअी। जो लोग कलेक्टर के पास पहुंच सकते थे और अुनके पास जाकर कुर्सी पर बैठ सकते थे अुनको अिमदाद मिलसकी लेकिन जिनके लिये कोअी बोलने वाला नहीं था अुनको कोअी अिमदाद नहीं मिल सकी। अिसलिये अिस पॉलिसी पर गौर करने की जरूरत है। और करप्शन के मुताल्लिक जो चीजें मैनेरखी हैं अुन पर भी गौर किया जाये।

شری محمد علی - مسٹر اسپیکر سر - دو تین دنوں سے اس ایوان میں راج پرمکھ کے اڈریس پر جو گورنمنٹ کا پالیسی اسٹیٹمنٹ ھے تنقید اور نکتہ چینی کی گئی اور آج بھی وہ نکتہ چینی ہو رہی ھے کہا یہ جا رہا ھے کہ یہ اڈریس مایوس کن اور غیر تشفی بخش ھے اور کسی بالیسی کا حامل نہیں ھے لیکن میں تو عرض کرونگا کہ یہ بڑی حدتک صحیح نہیں ھے اس اڈریس میں گورنمنٹ کی وہ بالیسی ظاھر ھو رہی ھے جو کہ کافی تسلی بخش ھے اور دور رس نتائج کی حامل ھے - زرعی اصلاح کے تعلق سے یہ کہا گیا ھے کہ ٹیننسی ایکٹ اسٹڈنگ بل ایک ایسا مسودہ قانون ھے کہ اگر یہ ایکٹ بن جائے تو کئی لگاندار بیدخل ھو جائینگے میں اس سے متفق نہیں ھوں - اگر ھم اس مسودہ قانون کی تفصیل میں جائیں تو ھمکو اس میں بنیادی تبدیلی دکھائی دیتی ھے لگانداروں اور کاشتکاروں کو زمین کی ملکیت کا حق دلانے کی کوشش کی جا رہی ھے اس قانون کے اندر خانگی ملکیت کے سارے پرانے تصورات کو مسمار کیا گیا ھے اور انفرادی ملکیت کی بنیادوں سے اس موجودہ آئے ہوئے ٹیننسی ایکٹ میں انکار کیا گیا ھے اس ایکٹ کے ذریعہ سے اصل کاشتکار کو حق دینے کی کوشش کی جا رہی ھے اس قانون کے ذریعہ زمین کا حق ملکیت اسکو دیا جائیگا جو کاشت کرتا ھے - ایک اور بنیادی تبدیلی لانیکی کوشش کی جا رہی ھے وہ اس طور پر کہ ایک معین رقبہ کوئی زمیندار اپنے قبضہ میں رکھ سکتا ھے اور مابقی زمین حکومت حاصل کرکے بے زمین لوگوں میں تقسیم کریگی اور اسی طور پر گورنمنٹ آمدنی اور پیدائش دولت کے جو وسائل اور ذرائع ھیں انکی منصفانہ تقسیم کے لئے قابل قدر اقدام کر رہی ھے اور میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ ٹیننسی ایکٹ میں تبدیلی کا جو بنیادی اصول ھے وہ آئندہ چلکر معاشی مساوات قائم کرنے میں بڑی رہنمائی کریگا یہ بھی کہا گیا ھے کہ جو رائٹ آف رزمشن (Right of resumption) کی وجہ سے کسان بیدخل ھو جائیگا لیکن یہ صحیح نہیں ھے - اس میں یہ شرط رکھی گئی ھے کہ معین رقبہ رزمشن کے بعد لگاندار کے قبضہ میں رہ جائے اس مڈل کلاس اور لوئر کلاس کی سہولت اور تحفظ کے لئے اس بات کی ضرورت نہیں اور اسلئے یہ رزمشن کا حق دیا گیا ھے اس قانون کے اندر جس طرح کی تبدیلی لائی گئی ھے وہ ایک نئی چیز ھے ھندوستان میں سب سے پہلے حیدرآباد گورنمنٹ نے اراضی کے حق ملکیت اور استفادہ پر تحدیدات عائد کرکے وسائل قدرت اور دولت پیدا کرنے کے ذریعوں کی منصفانہ تقسیم کی ھے - ھوسکتا ھے کہ ان تمام لوگوں کو جنکے پاس زمین نہ ھو زمین نہ مل سکے - لیکن واقعہ یہ ھے کہ جو نظریہ اختیار کیا گیا ھے اسکی بنا پر میں کہ سکتا ہوں کہ اسکے

تحت ہم بڑی سرعت کے ساتھ اپنی منزل کی طرف بڑھ سکتے ہیں اور ایک کلاس لیس سوسائٹی (Classless Society) قائم کی جاسکتی ہے ۔

اسکے بعد یہ کہا گیا ہے کہ اس اڈریس سے گورنمنٹ کی کسی پالیسی کا اظہار نہیں ہوتا ۔ میں نہایت ادب کے ساتھ یہ عرض کرونگا کہ اڈریس میں سرسری طور پر گورنمنٹ کی پالیسی کی جانب اشارہ ہوتا ہے ۔ کسی اسکیم یا خود گورنمنٹ کی پوری پالیسیوں کی تفصیلات اور اسکے تمام قد و خال اڈریس میں بیان نہیں کئے جاتے ۔ یہ کہا گیا ہے کہ کرپشن کو دور کرنے کے بارے میں اس اڈریس میں کچھ بھی نہیں بتایا گیا ہے ۔ میں عرض کرونگا کہ کرپشن ضرور ہے اور اس سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا کہ آج جو اڈمنسٹریشن ہمارے پاس ہے اس میں کرپشن نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم تمام لوگوں کی توجہ اس کرپشن کو دور کرنے کی طرف لگی ہوئی ہے چنانچہ گورنمنٹ نے بھی یہ طئے کیا ہے کہ کرپشن کو دور کرنے کے سلسلہ میں ماہرین کی ایک کمیٹی بٹھائی جائے جس میں یہ غور کیا جائیگا کہ کس طرح کرپشن ہوتا ہے اور اوسکا کس طرح خاتمہ کیا جاسکتا ہے ۔ اسکے ساتھ ساتھ اسپیشل برانچ پولیس جو کرپشن کے سلسلہ میں تحقیقات کرتی ہے اسکو بھی وسعت دینے کا ارادہ ظاہر کیا گیا ہے ۔ اس وقت ہمارے جو پاس اسپیشل برانچ موجود ہے اسکو دیکھیں اور اسکی اکٹویٹیز پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ اسکے اختیارات بہت محدود ہیں جسکی وجہ سے وہ زیادہ کام انجام نہیں دے سکتا۔ بہر حال گورنمنٹ کے سامنے یہ اسکیم ہے کہ کرپشن دور کرنے اور مقدمات میں انوسٹیگیشن کرنے کے لئے خاص طور پر اسپیشل برانچ کو انڈپنڈنٹ بالکلیہ ڈپارٹمنٹ کے طور پر قائم کیا جائے ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ کرپشن کے سلسلہ میں یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ گورنمنٹ کوئی ایکشن نہیں لے رہی ہے ۔ چونکہ کسی اڈریس میں سب ہی تفصیلات آنا ممکن نہیں اس وجہ سے میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ بعض آنریبل ممبرس کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ اس اڈریس میں کسی قسم کی پالیسی کا اندراج نہیں ہوا ہے ۔ جو مباحث مختلف انریبل ممبران کی جانب سے کئے گئے ہیں اس میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ کم و بیش ایک اڈمنسٹریٹیو رپورٹ ہے ۔ اس بارے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو اڈمنسٹریٹیو کام گورنمنٹ نے کئے اور جو ریفارمس عمل میں لائے گئے ہیں ان کے حوالے اس اڈریس میں درج ہیں جو خود گورنمنٹ کی مخصوص پالیسی کو نشان زد کرتے ہیں محض ہاؤز میں غلط فہمی کے امکانات پائے جا رہے ہیں ۔ مثال کے طور پر زرعی پیدا وار ہی کو لیجئے یا آبپاشی کی اسکیمات کو لیجئے گورنمنٹ نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس اڈریس میں آبپاشی کے وسائل کو ترقی دینے کے متعلق ذکر کیا ہے چنانچہ ۲۹۱۹ تالابوں کی مرمت تقریباً ۲۰۶ لاکھ روپیہ کے صرفہ سے ہونے والی ہے ۔ اسی طرح دوسرے امور بھی ہیں مثلاً مرہٹواڑہ میں پراجکٹس پر زور دیا جا رہا ہے ۔ اسکے

متعلق بھی گورنمنٹ نے میڈیم پراجکٹس (Medium Projects) بالخصوص مرہٹواڑہ کے علاقہ میں قائم کرنے کےلئے انوسٹیگیشن (Investigation) کروارہی ہے ۔ یہ ضروری ہے کہ اس قسم کے کاموں کا آغاز جلد سے جلد ہو لیکن یہ نہیں کہ آج مرہٹواڑہ یا کرناٹک کے علاقوں میں جہاں اس قسم کے پراجکٹس نہیں ہیں وہاں پراجکٹس بنانے کا منصوبہ ہی گورنمنٹ نہیں رکھتی ۔ بلکہ اس اڈریس سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کے سامنے پلانس (Plans) ہیں اور وہ نئے پلانس کی پاسیبلیٹیز (Possibilities) کی تلاش میں ہے ۔

کاٹیج انڈسٹریز کے متعلق گورنمنٹ کی کیا الیسی ہے کیونکہ اس پالیسی کو اختیار کرنا گورنمنٹ کے لئے بہت ضروری ہے ۔ یہ اسلئے بھی ضروری ہے کہ آج ملک کے لاکھوں کروڑوں عوام کاٹیج انڈسٹریز میں مصروف ہیں جسکی حالت دن بدن گرتی جا رہی ہے ۔ چنانچہ کاٹیج انڈسٹریز کے تعلق سے اس حد تک ضرور تجاویز ہیں کہ گورنمنٹ ایک بورڈ اور ٹریننگ سنٹرس قائم کریگی۔ لیکن میں عرض کرونگا کہ صرف انکا قیام ہی کافی نہوگا بلکہ دستکار اور صناعوں کے لئے ایک منظم پالیسی کا تجویز کیا جانا اور اس پر عمل کرنا ضروری ہے ۔ ملک کے موجودہ معیشت کے ڈھانچہ میں دستی صنعتوں کے فروغ اور تحفظ کے لئے زرعی امداد کے بغیر خوشحالی ممکن نہیں ۔ آخر میں میں ایک اہم چیز یہ بھی عرض کرونگا کہ اڈریس میں باز آباد کاری کا بھی ذکر کیا گیا ہے ۔ میں ایوان کے سامنے یہ عرض کرونگا کہ ری ہیبلیٹیشن کا سوال کس طرح اس ملک میں پیدا ہوا اور اسکو کسطرح حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ ناجائز قبضوں کے سلسلہ میں اور باز آباد کاری کے سلسلہ میں نہ صرف گورنمنٹ نے بلکہ مختلف سیاسی پارٹیوں کے ایم ۔ ایل ۔ ایز کی مساعی سے اس مسئلہ کی شدت قدرے کم ہوئی ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اب جس حد تک کام باقی رہ گیا ہے وہ ایسا ہے کہ اسے عوامی کارکن انجام نہ دے سکینگے کیونکہ جن لوگوں کی جائدادوں پر قبضے ہوگئے ہیں ناجائز قابض کسی طرح بھی اخلاق دباؤ کے تحت انکو چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ بدیہی طور پر وسٹڈ انٹرسٹ (Vested Interest) پیدا ہوگیا ہے بہر حال میں یہ عرض کرونگا کہ گورنمنٹ جس انداز سے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کرتی رہی ہے وہ موثر نہیں رہا ۔ اس طرح اس مسئلہ کو دو طرح حل کرنا چاہئے ۔ ایک تو یہ کہ وہ گورنمنٹ لیول پر حل کیا جائے اور دوسرے یہ کہ عوامی کارکن اور ایم ۔ ایل ۔ ایز کو اپنے طور پر موومنٹ چلانے کی ضرورت ہے ۔ جبتک ایسا نہ کیا جائے اس مسئلہ کو خاطر خواہ طور پر حل نہیں کیا جاسکتا ۔

اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری بی - رام کشن راؤ - مسٹر اسپیکر سر - راج پرمکھ کے اڈریس پر جنرل ڈسکشن ہوا اور بہت سی ترمیمات پیش کی گئیں جنکی کاپیاں مجھے ابھی ملی ہیں - اس وقت میں انڈیویجوئل (Iudiuidual) ترمیمات سے متعلق بحث نہیں کرونگا بلکہ اس ایوان میں اڈریس سے متعلق جو عام بحث کی گئی ہے اس سے متعلق چند چیزیں عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں - اس ضمن میں سب سے پہلی بات یہ کہی گئی ہے کہ اس اڈریس میں خاص پالیسیوں کا اظہار نہیں کیا گیا ہے - یہ اعتراض اکثر آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن نے کیا - حقیقت یہ ہے کہ راج پرمکھ یا گورنر کے اڈریس میں ہر سال نئی نئی پالیسیوں کا اعلان نہیں ہوا کرتا - اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ راج پرمکھ کا اڈریس ایک معنے میں پالیسی اسٹیٹمنٹ ہوتا ہے لیکن اسکے معنے یہ نہیں ہیں کہ حکومت ہر سال نئی پالیسی کا اعلان کرتی ہے - کسی ڈیموکریٹک کنٹری (Democratic Country) میں جب ایک پارٹی کی حکومت قائم ہوجاتی ہے تو وہ اپنے الکشن مینیفسٹو (Election Manifesto) پر عمل کرتی ہے جس میں ملک کے معاشی - سماجی اور سیاسی حالات کو ٹھیک ٹھیک طور پر بتلایا جاتا ہے اور اس میں اس پارٹی کے نظریہ کو تفصیل سے بتلایا جاتا ہے - ان ہی تفصیلات اور اصولوں کی بنیاد پر الکشن بھی لڑے جاتے ہیں اور اسکے نتیجہ کے طور پر جس پارٹی کی حکومت قائم ہوتی ہے وہ اپنے مینیفسٹو کے عام اصولوں کے لحاظ سے عمل کرتی ہے - اسلئے میں یہ عرض کرونگا کہ راج پرمکھ کے اڈریس میں ہر سال نئی نئی پالیسیوں کی توقع کی جائے تو یہ ایک غلطی ہوگی -

دوسری بات یہ ہے کہ راج پرمکھ کے اڈریس میں اگر کوئی نئی پالیسی اختیار کی جانے والی ہوتو اس کا ضرور اعلان رہتا ہے - لیکن بجائے خود اڈریس کا مقصد نئی پالیسیوں کا اعلان کرنا نہیں ہوتا بجز اسکے کہ جنکا اڈریس میں ذکر ہو - اگر یہ کہا جائے کہ اڈریس میں لیبر - اگریکلچر یا انڈسٹریز کے معاملہ میں پالیسیز کا اظہار نہیں ہوا ہے تو میرا یہ جواب ہے کہ آپ ہر شعبے سے متعلق کسی نئی پالیسی کی کیوں توقع کرتے ہیں جس کا اڈریس میں ذکر نہیں - کیونکہ ہر شعبے کے بارے میں حکومت کے سامنے چند پالیسیز ہیں جن پر وہ عمل کر رہی ہے اور جنکو تیزی کے ساتھ آگے بڑھانا ہی حکومت کا مقصد ہے - شائد اسی وجہ سے اس سے بڑھکر نئی پالیسیز کا اعلان کرنا حکومت نے ضروری محسوس نہیں کیا - یہی وجہ ہے کہ آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن اس اڈریس میں کوئی نئی پالیسی نہیں دیکھتے تو میں مجبور ہوں - البتہ جہاں جہاں جن جن چیزوں کی طرف اشارہ کرنا مقصود تھا وہ کیا گیا ہے - نیز میں یہ بھی عرض کردینا چاہتا ہوں کہ راج پرمکھ کے اڈریس میں اشارہ ہوا کرتا ہے تفصیلات نہیں بتلائی جاتیں - یہ اعتراض بھی عام طور پر کیا گیا ہے کہ یہ تو ریویو آف اڈمنسٹریشن (Review of Administration) ہے

اس اعتراض کے بارے میں یہ ضرور کہونگا کہ اس میں تھوڑی بہت اصلیت ہے ۔ یہ ظاہر ہے کہ ایک سال کی حکومت کے بعد جب دوسرے سال کے بجٹ سشن کے موقع پر راج پرمکھ کی اسپیچ ہوتی ہے تو اس میں گزشتہ (۱۱) (۱۲) مہینوں کے عرصہ میں جو کچھ کام گورنمنٹ نے کیا ہے اوس کا کچھ نہ کچھ اشارہ ڈگرشن ( ) یا رخ بتانے کی حیثیت سے ہونا چاہئے ۔ ورنہ اس اڈریس میں تو کوئی میٹیریل آپکے لئے نہیں ہوسکتا ۔ یہ ہوسکتا تھا کہ اس اڈریس کو بالکل فیکچول (Factual) نہ بنایا جاتا بلکہ محض چند اصولی چیزوں پر بحث کرتے ہوئے اوسے ختم کردیا جاتا ۔ لیکن چونکہ بجٹ سشن کے موقع پر میرا خیال ہے کہ راج پرمکھ کا جو اڈریس ہوتا ہے اوس کا مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ ہاؤز کو گزشتہ سال کے کار ناموں پر ڈسکشن کرنے کا کافی موقع ملے .. اس وجہ سے راج پرمکھ کے اڈریس میں اس سلسلہ میں تھوڑے سے اہم تذکرے کارگزاریوں کے ہوا کرتے ہیں ۔ اگر آنریبل ممبرس پارٹ اے (Part A) یا پارٹ بی (Part B) اسٹیٹس کے اڈریس کو ملاحظہ فرمائیں تو وہ غالباً مطمئن ہو جائینگے ۔ یہاں جو راج پرمکھ کا اڈریس ہوا ہے وہ کوئی نرالا نہیں ہے بلکہ وہ ایک ڈیموکریٹک طریقہ پر مبنی ہے جو دوسرے اسٹیٹس میں بھی رائج ہے ۔ وہاں بھی راج پرمکھ کے اڈریس میں گورنمنٹ کے گزشتہ کاموں کی مختصر تفصیل ہوا کرتی ہے جیسا کہ اس اڈریس میں بھی ہے ۔ اس کا منشاء صرف اس قدر ہے کہ ہاؤز کے آنریبل ممبرس کو اڈریس پر ڈسکشن کا موقع ملے یا اگر امنڈمنٹس پیش کرنا چاہیں تو پیش کریں ۔ اس وجہ سے ان چیزوں کا تذکرہ کیا گیا ورنہ گورنمنٹ کا یہ منشاء نہیں تھا کہ اپنی کارگزاریوں کی تفصیل بتلا کر کچھ تحسین حاصل کرے ۔ اس کے بعد بہت سے اعتراضات کئے گئے ۔ بہت سی چیزیں بیان کی گئیں ۔ اون سب کا جواب میں اس مختصر عرصہ میں دینا نہیں چاہتا اور نہ دے سکتا ہوں ۔ البتہ چند اہم اعتراضات کا جواب میں ضروری سمجھتا ہوں ۔ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے اپنی تقریر میں راج پرمکھ کے انسٹی ٹیوشن (Institution) کے بارے میں تذکرہ فرمایا اور اوس کا ریفرنس (Reference) دیتے ہوئے کہا کہ پردیش کانگریس کمیٹی کے پریسڈنٹ کے ریسپشن اڈریس (Reception Address) میں تو اس کا ذکر ہے لیکن راج پرمکھ کے اڈریس میں اوس کا تذکرہ نہیں ۔ یعنی اون کو اس چیز پر امفے سس (Emphasis) دینا مقصود تھا کہ راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن رہے گا یا نہیں رہیگا اور یہ کہ اس سلسلہ میں چند اور دوسری باتوں کے بارے میں اڈریس میں تذکرہ ہونا چاہئے تھا ۔ مجھے افسوس ہے کہ میں آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن سے اتفاق نہیں کرتا ۔ راج پرمکھ اڈریس دیتے ہوئے اپنا کانسٹی ٹیوشنل فرض انجام دے رہے تھے ۔ ایک ایسا فرض انجام دے رہے تھے جس کی ذمہ داری کانسٹی ٹیوشن نے ان پر رکھی تھی اور رکھی ہے ۔ جب تک وہ کانسٹی ٹیوشن اپنی جگہ پر قائم ہے اور راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن موجود ہے وہ اس فرض کو انجام دیتے

رہینگے - یہ تو ظاہر ہے اور آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے اس کی تسلیم بھی فرمایا ہے کہ (He is the Constitutional Head of the State.) اس لئے راج پرمکھ یہ اعلان کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں کہ '' اب میرا انسٹی ٹیوشن ختم ہونا چاہئے - یا ہو جائیگا - یا اس کا میں وعدہ کرتا ہوں ،، - راج پرمکھ سے کم از کم اسکی توقع نہیں کی جاسکتی اگر اس اڈریس میں اون کے کانسٹی ٹیوشن کے مسدود کرنے کا ذکر نہیں ہے تو اس کے کافی وجوہ موجود ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن بھی اس کو اچھی طرح اپریشیٹ (Appreciate) کرسکتے ہیں - رہی یہ بات کہ کب تک یہ انسٹی ٹیوشن قائم رہیگا اس کا جواب تو نہ آج راج پرمکھ دے سکتے ہیں اور نہ ہی آج کی حکومت حیدرآباد دینے کے پوزیشن میں ہے - عوام کی خواہشات اور جذبات کی تکمیل کے تحت اس انسٹی ٹیوشن میں تبدیلی کانسٹی ٹیوشن میں تبدیلی کرنے پر ہوسکتی ہے - اس امر کا سارا دارومدار کہ راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن قائم نہ رہے کانسٹی ٹیوشن کی تبدیلی پر ہے - میں جانتا ہوں کہ نہ صرف حیدرآباد بلکہ ہندوستان کے دوسرے حصوں میں بھی جہاں پر راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن قائم ہے ایک طبقہ خیال ضرور موجود ہے اور وہ دن بہ دن زیادہ قوت پذیر ہوتا جارہا ہے کہ راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن آبسلیٹ (Obsolete) ہو جانا چاہئے یا ختم ہو جانا چاہئے - اور پارٹ (اے) اور پارٹ (بی) میں راج پرمکھ اور گورنر کی صورت میں جو امتیاز موجود ہے وہ مٹ جانا چاہئے - اس قسم کا رجحان ظاہر ہو رہا ہے - اگرچہ کہ اس رجحان میں کافی قوت ہے لیکن کانسٹی ٹیوشن میں تبدیلی کرنا ہاؤس آف دی پیپل یا پارلیمنٹ کے ہاتھ میں ہے - جب گورنمنٹ آف انڈیا اس پر غور کرے گی اور اس امتیاز کو مٹانے کی جانب مائل ہو جائیگی اور جب ہاؤز آف دی پیپل اور کونسل آف اسٹیٹس اس پر زور دینگے تو یقیناً کانسٹی ٹیوشن بدلیگا اور یہ چیز طے ہوگی - لیکن راج پرمکھ کے اڈریس میں اس چیز کی توقع رکھنا کہ راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن باقی رہیگا یا نہیں رہیگا بے سود ہے - اگر اس میں ڈیس اپائنٹمنٹ (Disappointment) ہوا تو میں مجبور ہوں - یہ کہا گیا ہے کہ اس سے انڈیا کی یونیٹی (Unity) متاثر نہیں ہوگی - یہ بھی کہا گیا ہے کہ لنگوسٹک بیسس (Lingustic basis) پر اندھرا اسٹیٹ کے فارمیشن (Formation) کا اعلان نہیں کیا گیا - مجھے افسوس ہے کہ پھر اس کے بارے میں مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ جہاں تک لنگوسٹک بیسس پر اسٹیٹس کے فارمیشن کا تعلق ہے کانگریس نے (۳۰) برس پہلے ہی اس اصول کو تسلیم کیا ہے اور اسکو تسلیم کرنے کے بعد سنہ ۱۹۴۷ ع میں جب آزادی حاصل ہوئی اور کانگریسی حکومت ہندوستان میں قائم ہوئی تو اس طرف اقدام کرنے کے متعلق مختلف کوششیں کی گئیں - لیکن حالات کے اقتضا کے تحت اس پر مجبور ہونا پڑا کہ جلد کوئی اقدام نہ کیا جائے بلکہ آہستہ آہستہ قدم اٹھایا

جائے - چنانچہ اس ھاؤز کو معلوم ہے کہ گزشتہ آل انڈیا کانگرس سشن میں جو یہاں حیدرآباد میں منعقد ہوا تھا ایک ریزولیوشن منظور ہوا - اس میں شک نہیں کہ اس پر خود کانگریس کے ریانکس (Ranks) میں اختلاف رائے تھا لیکن اس کے باوجود بہ غلبہ آراء نہیں بلکہ بہ اتفاق رائے (جہاں تک مجھے یاد ہے) جو تحریک کانگریس سشن میں منظور ہوئی وہ یہ ہے کہ ہم آندھرا اسٹیٹ کے فارمیشن کو تسلم کرتے لیکن کسی لنگوسٹک بیسس پر نہیں بلکہ ری ارگنائزیشن آف لنگوسٹک اسٹیٹس (Re-organisation of Linguistic States) کی بناء پر آندھرا اسٹیٹ کے فارمیشن کو تسلیم کرتے ھیں - لنگوسٹک ری ڈسٹریبیوشن (Linguistic re-distribution) کا جو سوال ہے ہم اس کے بارے میں آھستہ چلنا چاھتے ھیں کوئی قدم جلدی میں اٹھانا نہیں چاھتے - یہ کانگریس کا تصفیہ ہے - ھوسکتا ہے کہ اپوزیشن کے آنریبل ممبرس کی رائے میں یا آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کی رائے میں یہ تصفیہ غلط ھو - اون کی رائے کے لحاظ سے عوام متقاضی اور متردد ھیں کہ جلد سے جلد لنگوسٹک ری ڈسٹریبیوشن کی بناء پر اسٹیٹ کا ری آرگنائزیشن ھو - ھوسکتا ہے کہ یہ اون کی رائے ھو - لیکن کانگریس نے تو یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس کے بارے میں تیزی کے ساتھ قدم نہ اٹھانا چاھئے - ھمارے نیتا پنڈت نہرو کا خیال ہے کہ آزادی کے بعد پچھلے سالوں میں لنگوسٹک ری ڈسٹریبیوشن کے مسئلہ کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھا کر کچھ لوگ عوام میں انتشار پیدا کرنا اور ملک کی مضبوطی اور استحکام میں روڑے اٹکانا چاھتے ھیں - اس میں شک نہیں کہ یہ اصول مسلمہ ہے اور وہ کسی نہ کسی روز ضرور عمل میں آجائیگا لیکن کانگریس یہ چاھتی ہے کہ اس کے بارے میں کوئی کشمکش یا تصادم پیدا کرکے ھندوستان کے اتحاد پر اثر نہ ڈالے - ھمارے دوست آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے یہ بتلانے کی کوشش کی کہ لنگوسٹک بیسس پر ری ڈسٹریبیوشن کی وجہ سے ملک کے اتحاد پر برا اثر نہیں پڑتا - لیکن مجھے یہ کہنا ھوگا کہ ھمارے جو لیڈر ھیں وہ ("We must agree to differ") کہتے ھیں - وہ سمجھتے ھیں کہ اس کی وجہ سے برا اثر پڑیگا وہ کہتے ھیں کہ جلد از جلد اقدام کرنا ٹھیک نہیں بلکہ وہ آھستہ چلنا پسند کرتے ھیں - یہ پالیسی کا بنیادی فرق ہے - اس وجہ سے لنگوسٹک ڈسٹریبیوشن یا وشال آندھرا میں تلنگانہ کے اضلاع کے انضمام کے متعلق پالیسی کے اعلان کی توقع راج پرمکھ کے اڈریس سے رکھنا عبث ہے - اس کا تصفیہ تو خود حیدرآباد اور تلنگانہ کے عوام کرینگے اور اپنے موقع پر کرینگے - جہاں تک میری ذاتی رائے کا تعلق ہے میرے دوست آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو معلوم ہے کہ میری ذاتی رائے کیا ہے - میں نے اس کا اعلان بعض موقعوں پر کیا ہے لیکن گورنمنٹ کی پالیسی کا کوئی اعلان اس اڈریس میں موجود نہیں اور حالات کے لحاظ سے اس اعلان کی توقع بھی نہیں کی جاسکتی تھی - اس کا تصفیہ بر وقت اور موقع پر ھوسکے گا ابھی تو آندھرا اسٹیٹ کا فارمیشن نہیں ھوا - ھونے کو ہے اور مجھے امید ہے کہ جب مضبوط بنیادوں پر آندھرا

اسٹیٹ کا فارمیشن ہو جائیگا تو اوس وقت حیدرآباد اور تلنگانہ کے عوام کے لئے موقع رہے گا وہ اپنی رائے ظاہر کریں اور ظاہر ہے کہ اون کی رائے کافی اہمیت اور وقعت کی حامل ہوگی ۔

باؤنڈری کمیشن (Boundary Commissioner) کے قیام کا سوال چونکہ انسیلری کوئسچن (Ancillary question) ہے اس وجہ سے میں اوس کا جواب دینے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا ۔ باقی اور چند چیزوں کا میں جواب دونگا ۔

لینڈ ریفارمس کے بارے میں یہ کہنے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ قانون ایوکشن (Eviction) کو لیگلائز (Legalise) کرنے کا قانون ہے ۔ اس سلسلہ میں دوسری اور باتیں بھی کہی گئی ہیں لیکن اس سلسلے میں اون کا جواب دینا اس وجہ سے میں مناسب نہیں سمجھتا کہ آنریبل ممبرس کے سامنے وہ بل موجود ہے جسکو میں نے پیش کیا ہے ۔ اوس کے ہر سکشن پر اعتراض ہاؤز کے آنریبل ممبرس کرسکتے ہیں اور امنڈمنٹس پیش کرسکتے ہیں اور ڈسکشن بھی کرسکتے ہیں ۔ ان تمام تفصیلات پر جو لینڈ ریفارمس سے تعلق رکھتے ہیں بحث کرنے کا ہم سب لوگوں کو کافی موقع ہوگا ۔ جہاں تک پالیسی کے اعلان کا تعلق ہے راج پرمکھ کے اڈریس میں اس کا اعلان موجود ہے ۔ لینڈ ٹودی ٹلر (Land to the tiller) کی پالیسی گورنمنٹ کی پالیسی ہے میں نہیں سمجھتا کہ اس سے بڑھ کر کوئی شخص کسی اور پالیسی کے اعلان کی توقع کرسکتا ہے ۔ اگر کرسکتے ہیں تو ہمارے دوست ۔ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن یا اپوزیشن کے ممبرس ہی کرسکتے ہیں مرہٹواڑہ کے آنریبل دوستوں نے اور خاص طور پر آنریبل ممبر فار عثمان‌آباد نے اور غالباً کل بھی کسی آنریبل ممبر نے اس کا ذکر کیا تھا کہ مرہٹواڑہ کے اضلاع میں فیمن کنڈیشن (Famine Conditions) ہے میں اس کو فیمن کنڈیشن تو نہیں کہتا لیکن اس میں شک نہیں کہ وہاں کے چند تعلقوں میں اسکیرسٹی کنڈیشنس (Scarcity Condition) موجود ہیں حکومت اس سے ناواقف نہیں ہے بلکہ گزشتہ تین ماہ سے وہاں کے حالات درست کرنے کے لئے اقدام کر رہی ہے ۔ وہاں جو کنڈیشنس ہیں بمبئی اسٹیٹ کے متصلہ اضلاع میں بھی قریب قریب وہی کنڈیشنس ہیں ۔ وہاں کی حالت کو دشکال ( ) ظاہر کیا گیا ہے اور وہاں کے ۲۰ - ۲۱ ہزار لوگ مائگریٹ (Migrate) کرکے ضلع عثمان‌آباد آکر آباد ہوئے ہیں اور وہ کسی نہ کسی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں جسکی وجہ سے یہاں کی حالت کچھ خراب ہو رہی ہے ۔ لیکن یہاں کے لوگ نہیں چاہتے کہ دشکال ظاہر کریں ۔ میں اسکو تسلیم کرتا ہوں کہ اورنگ‌آباد میں دو تین تعلقے اور عثمان‌آباد و بیڑ میں تین چار تعلقے زیادہ متاثر ہیں ۔ کسی چیز کو میں چھپانا نہیں چاہتا ۔ ایک دو تعلقے جو باڈر پر ہیں وہ بھی متاثر ہیں ایسے مقامات سے جو لوگ مایگریٹ کرکے گئے ہیں انکی تعداد بہت کم ہے بہ نسبت ایسے لوگوں کے جو دوسرے

